| Barelvi Mazhab Aik Ganda Gustaakh Mazhab hai |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بریلویوں کی طرف سے سعودی عرب والوں سے مدارس کیلئے چندے کی اپیل

قارئین کرام ایک طرف تو بریلوی رضا خانی ہر جگہ یہ پروپگینڈا کرتے ہیں کہ کہ سعودی نجدی وہابی گستاخان رسول ﷺ ہیں معاذ اللہ مرتد ہیں ان کے پیچھے نماز جائز نہیں اگر کوئی حج کرنے جائے تو ان کے پیچھے نماز نہ پڑھے بلکہ وہ وقت بیت الخلاء میں گزار کر جماعت ہو جانے کے بعد نکلے اور اپنی نماز پڑھے۔ لیکن دوسری طرف وہ یورپ کے ممالک میں قائم اپنے مدارس و مساجد میں ان عرب ممالک کے وفو کو دورے کی دعوت دیتے ہیں اور ان سے چندے کی اپیلیں بھی کرتے ہیں اور چندہ نہ ملنے پر ان کے خلاف تقریریں بھی کرتے ہیں۔ کیا یہ کھلی ہوئی منافقت نہیں۔۔۔؟؟؟ کیا کوئی غیرت مند مسلمان آج قادیانیوں سے چندہ لینے کے بارے میں سوچ بھی سکتا ہے۔۔۔؟؟؟؟

بریلویوں سے ہمارا سوال ہے کہ کیا گستاخان رسول ﷺ مرتدین سے مساجد و مدارس اور دینی امور کیلئے چندہ لینے کی اجازت ہے۔۔۔؟؟؟ اور جو لوگ ایسا کرتے ہیں ان کے بارے میں کیا فتوی ہے۔۔۔؟؟؟؟ بینوا توجروا۔

قرآن تو کہتا ہے کہ:

مَاكَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَعْمُرُوْا مَسَاجِدَ اللّٰهِ شَاهِدِيْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ وَ فِي النَّارِ هُمْ خَالِدُوْنَ. ﴿التوبة:١٧﴾

مشرکین کو یہ حق نہیں کہ وہ اللہ کی مسجدوں کا تعمیر کریں درآنحالیکہ وہ اپنی ذات پر کفر کی گواہی دے رہے ہیں ان لوگوں کے اعمال اکارت ہو چکے ہیں اور وہ دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے۔

کیا یہ کھلی منافقت نہیں کہ اگر سعودی والے چندہ نہ دیں تو وہابی نجدی کے فتوے اور اگر چندہ دیں تو مائی باپ بن جائیں

www.RazaKhaniMazhab.com

www.RazaKhanimazhab.weebly.com

www.Haqforum.com

میلاد نمبر ۱۴۰۳ھ
تاجدارِ حرم پبلشنگ کمپنی
سپر مارکیٹ لیاقت آباد۔ کراچی

نام مجلہ ——— میلاد نمبر ۱۴۰۳ھ
مرتب ——— سیّد عالم کراچی
پروف ریڈنگ ——— مولانا محمد رمضان چشتی کراچی
کتابت ——— علاؤالدین
سائز ——— ۳۶×۲۳/۱۶
طباعت بار اوّل ——— ربیع الاوّل ۱۴۰۳ھ
مطبع ——— احمد برادرز پرنٹرس کراچی
ناشر ——— تاجدارِ حرم پبلشنگ کمپنی کراچی

ھدیہ : ۱۵ روپے

ملنے کا پتہ
A-172 وحید آباد گلبہار کراچی پاکستان

ندویک فول میز کانفرنس بے حق
ہے، جو جماعتیں اس وقت جن
نظریات کی حامل ہیں - انہیں خیرباد
کہنے کے لئے کبھی تیار نہیں - نتیجہ
وہی ہوگا - جو قبل ازیں متحدہ محاذ
اور قومی اتحاد ایسی تنظیموں کا ہوا
اصلاح احوال کے لئے ضروری ہے
کہ نظریہ عشق رسول اللہ صلی اللہ -
علیہ وآلہ وسلم پاکستان کی نئی
نسل کا نصب العین بن جائے - بلکہ
وہ راہیں مسدود ہو جائیں - جن سے
کوئی ایسا حاکم پاکستان پر مسلط ہو
جو یہود و نصاریٰ اور ہنود کے
ناپاک عزائم کی تکمیل کا سبب بن
سکے -!
تخریب کاروں اور غیر اسلامی
نظریات سے پاکستان پر خلفشار کے
گہرے سے جو بادل چھا رہے ہیں -

کہ حضرت احمد محمد صلی اللہ علیہ و
سلم سے جو منسوب کی جا سکتی ہے
علماء اور مشائخ عظام نے
اگر آج وقت کے تقاضوں کا احساس
نہ کیا - تو انہیں تلخ تاریخ بھگتنے کے
لئے تیار رہنا چاہیے -
آخر میں ہم جنرل محمد ضیاء الحق
اور ان کے رفقاء سے بھی ہم
مطالبہ کرنا ضروری سمجھتے ہیں
کہ جو جماعتیں یا شخصیتیں نظریہ
عشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے خلاف سرگرم عمل ہیں - ان
کے ظاہری تقدس کو اہمیت نہ دیا
بلکہ ان پر کڑی نگاہ رکھی جائے
حکومت کی غفلت سے ایسے عناصر
پاکستان کے لئے مار آستین کی
حیثیت رکھتے ہیں -

نیاز احمد مصطفوی (نمائندہ خصوصی برطانیہ)

برطانیہ کی خبریں

کیا اسلام انہیں یہی تعلیم دیتا ہے

تبلیغی جماعت کے پراسرار عظیم اجتماعات
اور اس کے نام نہاد امراء کے بلند بانگ
دعوؤں . . . .
" لندن کی اکثر مساجد تبلیغی جماعت
کے کنٹرول میں ہیں -"
کی نقاب کشائی اور پردہ دری برادر

گرامی جناب حافظ محمد میاں مالیگ
امام مسجد اولڈبری (برمنگھم) نے
تجربات ومشاہدات کی روشنی میں کیا ہے جس
کی تکذیب جوئے شیر لانے کے مترادف ہے
اس سلسلے میں ایک تلخ تجربہ ہمیں بھی ہوا ہے
یہاں بیڈ فورڈ میں عرب کے تمام ممالک
سے اعلیٰ تعلیم کیلئے کثیر تعداد میں طلبہ ہر سال
آتے ہیں یہ تین سال قبل ان ہی کی مساعی سے
سعودی عرب کے نمائندہ خصوصی ڈاکٹر ذکی
بداوی ڈائریکٹر آف دی اسلامک کلچرل

سینٹر لندن سے خاص اس سلسلے میں تشریف لائے تھے مسجد و مدرسہ کا معائنہ کیا تھا عمائدین سے مالی امداد کا وعدہ کر گئے تھے لیکن وہ دن ہے اور آج کا دن ہے کوئی امداد روانہ نہ کی۔

یہ اقربا پروری اور تعصب کا بھبھ بھاؤ کیوں ہے؟ کیا اہل سنت کے حجاج سعودی حکومت کو ٹیکس نہیں دیتے ضرور دیتے ہیں تو پھر ان کے اداروں کو قومی و دینی اعانتوں سے محروم رکھنے کا کیا مطلب ہے؟ کیا انہیں اسلام یہی تعلیم دیتا ہے۔

ہفت روزہ راوی بریڈفورڈ برطانیہ کا اداریہ

مسلمانوں میں بہتر فرقے ہوں، لاکھ اختلافات ہوں۔ ناچاقیاں ہوں۔ وہ ملکوں ملکوں بٹے ہوں۔ مگر ایک بات پر روئے زمین پر رہنے والے ہر مسلمان کا اتفاق ہے اور وہ ہے حضور رسول مقبول کا عالی مقام ہونا یعنی ؎

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر!

اس بارے میں جن غیر مسلموں کو واقفیت نہیں ان کو معلوم ہونا چاہیئے کہ مسلمان قرآن پاک کو الہامی کتاب مانتے ہیں اور قرآن پاک میں ہمارے نبی کریم کی وہ اعلیٰ شان ہے کہ جس کی صفت میں یہ آیت کریمہ آئی ہے ترجمہ:۔ تحقیق اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی کریم پر صلوات پڑھتے ہیں اے ایمان والو! تم بھی اس نبی کریم پر صلوٰۃ وسلام پڑھو مسلمان حضور نبی کریم سے کس درجہ عقیدت رکھتے ہیں اس کی مثال یہ ہے کہ ہر روز پانچ وقت کی نماز ادا کرتے ہوئے درود پڑھتے ہیں۔

یعنی وہ برجستہ اور براہ راست ایسے الفاظ استعمال کرنے کی اپنے اندر ہمت ہی نہیں رکھتے کہ نبی کریم پر صلوٰۃ وسلام پڑھ سکیں بلکہ اللہ تعالیٰ سے ان کیلئے التجا کرتے ہیں۔

اے خدا تو ہمارے سردار اور آقا محمد مصطفےٰ صلعم اور آپ کی آل پر صلوٰۃ پڑھ اور برکت بول اور سلام پڑھ۔

جس ذات بابرکات کے بارے میں کروڑوں مسلمانوں کے جذبات، الہٰی الفاظ میں یہ ہوں۔ کہ آپ سے سلام بھیجنے کیلئے وہ خدا سے التجا کرتے ہیں اس کی شان میں ناشائستہ